50 سے زائد علماؤ مفتیان کرام کے
فتاوی و تصدیقات کے ساتھ

جسٹس کرم شاہ الازہری
کے اہلسنت و جماعت سے اعتزالی نظریات کا تحقیقی و

علمی محاسبہ

از
مولانا محمد فاروق قادری رضوی (یو۔کے)

انجمن فکرِ رضا (یو۔کے)

پچاس سے زائد علماء ومفتیان کرام کے فتاوی وتصدیقات وتاثرات کے ساتھ

جسٹس کرم شاہ بھیروی کے

اہلسنّت وجماعت سے اعتزالی نظریات کا تحقیقی وتنقیدی و

علمی محاسبہ

مولانا محمد فاروق قادری رضوی

ناشر: انجمن فکر رضا U.K

نام کتاب......علمی محاسبہ

مئولف......مولانا محمد فاروق رضا قادری رضوی

بااہتمام......انجمن فکر رضا U.K

تعداد......1100

سن اشاعت......جولائی 2013ء

صفحات......512

قیمت......600روپے (GBP 15)

ملنے کا پتہ

Gloucester College,
Derby Road,
Gloucester GL1 4AE
Email : shahkot@hotmail.co.uk

﴿فہرست﴾

البرکۃ مع اکابر کم

سیدنا صدیق اکبرؓ تمام انبیاء علیہم السلام کے بعد تمام انسانوں سے افضل ہیں۔ پھر عمر فاروقؓ، پھر عثمان غنیؓ، پھر مولا علی کرم اللہ وجہہٗ یہ ترتیب خلافت ہے جو کہ اللہ تعالیٰ نے لکھی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے تانے بانے پر نکتہ چینی کرنا اللہ تعالیٰ کی توہین ہے۔

حق علی کے ساتھ اور علی حق کے ساتھ ہیں۔ یہی دلیل ہے کہ خلفائے ثلاثہ کی خلافت حق تھی۔ حضرت علی اور تینوں خلفاء حضرات آپس میں شیر و شکر تھے۔

حضرت معاویہؓ یا صحابیت کے ایمان کا انکار کرنا رسول کریم ﷺ کے فرمان مبارک سے بغاوت ہے۔ جو امام حسن کے متعلق فرمایا تھا کہ یہ میرا بیٹا سید ہے جو مسلمانوں کے دو گروہوں کے درمیان صلح کرائے گا۔

حضرت ابو طالب کے ایمان کا معاملہ بقول اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ

ضروریات دین یعنی عقائد میں سے نہیں ہے۔ جو قائلین میں سے نہیں ہیں انہیں مفسرین نے سکوت اختیار کرنے کو کہا ہے۔ کیونکہ اس معاملے کو اچھالنے سے رسول کریم ﷺ کو ایذا پہنچتی ہے۔ جو کہ اللہ تعالیٰ کو ایذا دینا ہے (معاذ اللہ)

نوٹ:

1: اگر میں ایمان ابو طالب کی وجہ سے رافضی ہوں تو پھر پیر کرم شاہ بھی رافضی ہوا کیونکہ وہ بھی حضرت ابو طالب کے ایمان کا قائل ہے۔ ضیاء النبی کا مطالعہ کرو۔ ان کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل بھی رافضی ہوئے کیونکہ انہوں نے صائم چشتی کی کتاب ایمان ابو طالب میں تقاریظ لکھیں۔

1: علامہ سید احمد سعید کاظمی

2: خواجہ قمر الدین سیالوی

3: مولانا عطا محمد بندیالوی

4: صاحبزادہ سید فیض الحسن

5: پیر سید محمد امین شاہ صاحب رضوی جامعہ رضویہ فیصل آباد

6: قاری علی احمد امام مسجد سنی رضوی جامع مسجد جھنگ بازار فیصل آباد

7: سید بشیر احمد، غازی کاظمی کھائی گلہ آزاد کشمیر

8: صاحبزادہ محمد افتخار الحسن فیصل آباد

9: محمد اقبال احمد فاروقی مکتبہ نبویہ لاہور

صائم چشتی کو ابو داؤد اہلسنت قرار دیتا ہے۔

شاعر اہلسنت: (حوالہ رضائے مصطفےٰ ذیقعد 1420ء)

حضرت صائم چشتی صاحب بھی 23 جنوری کو فیصل آباد میں انتقال کر گئے۔ قارئین کرام! ابو داؤد صاحب نے اقرار کیا کہ صائم چشتی اہلسنت کے ہی شاعر تھے۔

2: بندہ کیسا شیعہ ہے جس کے ایک بیٹے کا نام عمر فاروق اعظم ہے اور ایک داماد گیلانی سید ہے۔ بغداد شریف سبز کپڑے پہن کر غوث اعظم کے در کی حاضری دیتا ہوا دہلیز پہ رخسار رکھ دیتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆